2025-07-09

Hrs08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسد اللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1- بھارت اور برازیل نے اگلے 5 سال میں اپنی باہمی تجارت دوگُنا کر کے 20 ارب ڈالر تک پہنچانے سے اتفاق کر لیا ہے۔

2- برازیل نے، وزیر اعظم نریندر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز "Grand Collar of the National Order of the Southern Cross" سے سرفراز کیا ہے۔

3- وزیر اعظم نریندر مودی آج وِنڈ ہاک میں نمیبیا کی صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

4- دلّی-قومی راجدھانی خطّے میں، طے شدہ مدّت سے زیادہ پرانی موٹر گاڑیوں کے لیے ایندھن پر پابندی پہلی نومبر سے نافذ کی جائے گی۔

5- دلّی کابینہ نے سرکاری اسکولوں میں، اسمارٹ کلاس روم کے لیے 900 کروڑ روپے سے زیادہ منظور کیے ہیں۔

6- اور Madrid میں تیراندازی عالمی کپ کے چوتھے اور آخری مرحلے میں رشبھ یادو اور جیوتی سریکھا وینم نے کمپاؤنڈ مقابلوں میں اوّل مقام حاصل کیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Brazil Talks

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل Brasilia میں، برازیل کے صدر Luiz Inacia Lula da Silva کے ساتھ بات چیت کی۔ برازیل کے صدر کے ہمراہ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور برازیل نے اگلے 5 سال میں باہمی تجارت بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک پہنچانے سے اتفاق کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اگر دونوں ملک ایک ٹیم کی طرح مل کر کام کریں، تو یہ نشانہ حاصل کرنا مشکل نہیں ہے۔

S/B - 0815 PM on 20 Billion - 18 sec

وزیر اعظم نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ بھارت-برازیل تعلقات، Carnivalکی طرح رنگا رنگ ہوں اور فٹ بال کی طرح پُرجوش ہوں۔

جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملک بھارت Mercosur-ترجیحی تجارتی معاہدے کو وسعت دینے کے لیے بھی کام کریں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور برازیل تجارت، ماحولیات کے لیے سازگار توانائی، دفاع، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں اشتراک کو وسعت دینے کے لیے کام کریں گے۔

جناب مودی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف لڑائی کے بارے میں ہماری سوچ یکساں ہے: نہ تو اسے بالکل برداشت کیا جائے گا اور نہ ہی کوئی دوہرا معیار اپنایا جائے گا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ہمارا واضح موقف یہ ہے کہ دہشت گردی کے معاملے پر دوہرے معیار کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

S/B - 0815 New PM on Defence 48 sec

اِدھر برازیل نے، وزیر اعظم نریندر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین اعزاز "Grand Collar of the National Order of the Southern Cross" سے نوازا ہے۔ جناب مودی نے برازیل کے اعلیٰ ترین قومی اعزاز سے سرفراز کیے جانے پر تشکر کا اظہار کیا۔

S/B - 0815 PM on Samman 28 sec

MEA Briefing Brazil

وزارتِ خارجہ میں، مشرقی ملکوں کے امور کے شعبے کے سکریٹری پی کمارن نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور برازیل کے صدر Lula da Silva کے درمیان بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے زراعت کی اہمیت اور دونوں طرف معیشتوں میں اس کے اہم رول کو تسلیم کیا۔

Brasiliaمیں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے جناب کمارن نے کہا کہ وزیر اعظم نے مختلف شعبوں میں ایک دوسرے کو علم اور جانکاری فراہم کرنے، بہترین طور طریقے اور تکنیک کی منتقلی کے شعبے میں اشتراک بڑھانے کی تجویز پیش کی۔

S/B - 0815 MEA on Agriculture 32 sec

سکریٹری موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور برازیل کے صدر کی موجودگی میں 3 سمجھوتوں پر دستخط کیے گئے اور اِن کا تبادلہ کیا گیا۔ جناب کمارن نے بتایا کہ اِن معاہدوں میں بین الاقوامی دہشت گردی اور منظم جرائم سے نمٹنے کے لیے اشتراک کا سمجھوتہ، ڈیجیٹل کایا پلٹ کے لیے بڑے پیمانے پر کامیاب ڈیجیٹل حل ایک دوسرے کو دستیاب کرانے کی خاطر تعاون کا مفاہمت نامہ اور قابلِ تجدید توانائی کے شعبے میں اشتراک سے متعلق مفاہمت نامہ شامل ہیں۔×

PM Namibia

وزیر اعظم نریندر مودی 5 ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں آج نمیبیا کے شہر وِنڈ ہاک پہنچ رہے ہیں۔ وہ نمیبیا کی صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم مودی کا نمیبیا کا یہ پہلا دورہ ہوگا، جبکہ کسی بھارتی وزیر اعظم کا تیسرا دورہ ہے، جو تقریباً 3 دہائیوں کے بعد ہو رہا ہے۔

جناب مودی کا وہاں پہنچنے پر باضابطہ استقبال کیا جائے گا۔ اس کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان وفود کی سطح کی بات چیت ہوگی، تاکہ اقتصادی شراکت داری کو مستحکم بنایا جا سکے۔

دونوں ملکوں کے درمیان مختلف اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیے جانے کی امید ہے۔ اس دورے میں وزیر اعظم نریندر مودی کو نمیبیا کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے گا۔

جناب مودی نمیبیا کے پہلے صدر اور بانی رہنماء آنجہانی ڈاکٹر Sam Nujoma کو خراجِ عقیدت پیش کریں گے۔ بعد میں وزیر اعظم نمیبیا کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CAQM Vehicle

ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے ایسی گاڑیوں کو ایندھن دینے کی سہولت پر مرحلے وار بندش عائد کرنے سے متعلق اپنی پہلے کی ہدایت میں ترمیم کی ہے، جن کی مدت ختم ہوگئی ہے۔

CAQMنے ایک بیان میں کہا کہ ایسی سبھی گاڑیوں کو جن کی مدت ختم ہوگئی ہے، دلی، گڑگاؤں، فریدآباد، غازی آباد، گوتم بدھ نگر اور سونی پت میں یکم نومبر 2025 سے ایندھن نہیں دیا جائے گا۔ NCR کے بقیہ ضلعوں میں یہ بندش یکم اپریل 2026 سے لاگو کردی جائے گی۔x

Rev. Delhi Cabinet Decision

دلی کابینہ نے، دلی کے سرکاری اسکولوں میں، اسمارٹ کلاس رومس کے لیے 900 کروڑ روپے سے زیادہ کی منظوری دی ہے۔ اُس نے قومی راجدھانی میں قومی تعلیمی پالیسی NEP-2020پر عمل درآمد کو بھی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کی صدارت میں کل منعقدہ کابینہ کی 10 ویں میٹنگ میں کیا گیا۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیرِ تعلیم آشیش سود نے ڈجیٹل کلاس رومس کے ایک جامع توسیعی منصوبے کا آغاز کیا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس منصوبے کے تحت، 75 ”چیف منسٹر شری اسکولوں“ میں دو ہزار 446 اسمارٹ بلیک بورڈس نصب کیے جائیں گے۔

S/B Ashish Sood

CDS Pak China

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل اَنل چوہان نے کہا ہے کہ چین، پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان مفادات کے ممکنہ میل کے، بھارت کے استحکام اور سلامتی کے محرکات کے لیے سنگین مضمرات ہو سکتے ہیں۔ جنرل چوہان نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جس کا اہتمام آبزرور ریسرچ فاؤنڈیشن نے کیا تھا، کہا کہ بحرِ ہند کے خطے کے ملکوں میں اقتصادی تنگی کی وجہ سے، باہری طاقتوں کو اپنے اثر و رسوخ میں اضافہ کرنے کا موقع ملا ہے، جس کی وجہ سے بھارت کے لیے حساس ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔

جنرل چوہان نے آپریشن سندور کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ شاید ایسا پہلی بار ہے کہ دو نیوکلیائی ہتھیاروں کے حامل ملکوں کے درمیان براہِ راست مخاصمت پیدا ہوئی ہے۔x

J&K Amarnath Yatra

سالانہ امرناتھ یاترا شروع ہونے کے پہلے 6 دن کے اندر ہی ایک لاکھ 11 ہزار سے زیادہ یاتری امرناتھ جی کی گپھا میں درشن کر چکے ہیں۔ کل 18 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے پوِتر گپھا میں درشن کیے۔

جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اس پر ردِّ عمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یاترا پہلگام اور بالتل دونوں راستوں پر خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے اور امید ہے کہ آنے والے دنوں میں مزید عقیدتمند اس میں شامل ہوں گے۔

اِدھر بھگوتی نگر یاتری نواس کے بنیادی پڑاؤ سے 7 ہزار 579 یاتریوں کا ایک اور جتھہ آج صبح سویرے کشمیر وادی کے لیے روانہ ہوا، جو جموں سے روانہ ہونے والا آٹھواں جتھہ ہے۔ اس کے بعد یاتری امرناتھ گپھا جانے کے لیے اپنا آگے کا سفر کریں گے۔x

Haj Application

حج کمیٹی نے، 2026 کے حج کیلئے، درخواستوں کا عمل باضابطہ طور پر شروع کردیا ہے۔ عازمینِ حج، سرکاری حج پورٹل اور ’حج سویدھا موبائل ایپ‘ کے ذریعے، اپنی درخواستیں داخل کرسکتے ہیں۔ یہ درخواستیں اِس ماہ کے آخر تک، آن لائن دی جا سکتی ہیں۔

اقلیتوں کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ درخواست داخل کرنے والوں کیلئے لازمی ہے کہ اُن کے پاس درخواست دینے کی تاریخ یا آخری تاریخ سے پہلے، مشین سے پڑھا جانے والا بھارتی پاسپورٹ موجود ہو اور وہ کم سے کم دسمبر 2026 تک قابل قبول ہو۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMDنے، چھتیس گڑھ، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں آج الگ الگ جگہوں پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

IMDکے مطابق گجرات، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں الگ الگ جگہوں پر موسلا دھار بارش کا قوی امکان ہے۔ ملک کے شمال مشرقی اور جنوبی حصوں میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

محکمے نے ساحلی آندھرا پردیش، اندرونی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، کونکن، گوا، لکشدیپ، سوراشٹر، کچھ اور تمل ناڈو میں الگ الگ جگہوں پر تیز ہواؤں کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## Mandaviya

لیبر محکمے کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ ملازمین کے پروویڈینٹ فنڈ تنظیم EPFO نے اپنے 96 فیصد ممبروں کو مالی سال 25-2024 کے لیے سود کی رقم اُن کے کھاتوں میں پہنچا دی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ اب تک 32 کروڑ 40 لاکھ ممبروں کے کھاتوں میں سود کی رقم پہنچائی جا چکی ہے، جبکہ بقیہ کھاتوں میں اس ہفتے یہ کام پورا ہو جانے کی امید ہے۔

جناب مانڈویا نے کہا کہ اُن کی وزارت مرکز کی جانب سے شرح سود کو منظوری ملنے کے بعد دو مہینے سے بھی کم وقت میں یہ عمل جلد مکمل کر لے گی۔x

## Sports Round Up

اسپین کے شہر Madrid میں، تیر اندازی میں رِشبھ یادو اور جیوتی سُریکھا Vennamنے، کمپاؤنڈ کوالیفکیشن راؤنڈز میں، تیر اندازی کے عالمی کپ کے چوتھے اور آخری مرحلے میں انفرادی اور ٹیم، دونوں زمروں میں، اعلیٰ ترین مقام حاصل کیے۔

22 سالہ رِشبھ یادو نے مردوں کے کمپاؤنڈ کوالیفکیشن راؤنڈز میں 716 پوائنٹس حاصل کیے جبکہ پریانش نے 10واں مقام اور اَمن سینی نے 11واں مقام حاصل کیا۔

ایشین گیمز کی چیمپئن جیوتی سُریکھا Vennam بھی خواتین کے کمپاؤنڈز زمرے میں 715 پوائنٹس حاصل کرکے سرِ فہرست رہیں۔

ٹینس میں دنیا کی نمبر ایک Aryna Sabalenka نے جرمنی کی Laura Siegemund کو شکست دے کر ومبلڈن کے 2025 کے خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنلس میں جگہ بنالی۔ انھوں نے چار۔چھ، چھدو، چھچار سے جیت حاصل کی۔ اب سیمی فائنلز میں Sabalenka کا مقابلہ گَل امریکہ کی ابھرتی ہوئی کھلاڑی Amanda Anisimova سے ہوگا۔

اِس کے علاوہ انڈونیشیا، 2025 کی Artistic Gymnastics World Championships کی میزبانی کرے گا۔ یہ کھیل مقابلے جکارتہ کے شہر Senayan میں 19 سے 25 اکتوبر کو منعقد ہوں گے۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسداللہ

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے برازیلیا پہنچنے کی خبر کو صفحہئ اوّل پر شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جناب مودی نے مختلف شعبوں میں تعاون اور تعلقات کو مضبوط بنانے پر تبادلہئ خیال کیا۔ 'بھارت 2026 میں برکس سمٹ کی سربراہی کے لیے تیار' اس خبر کو سبھی اخباروں نے سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

ساتھ ہی اخباروں نے وزیر اعظم کے اس مہینے برطانیہ کا دورہ کرنے کی خبر کو بھی نمایاں کیا ہے۔

آپریشن سِندور کے بعد فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان کی دلّی میں کانفرنس۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

'جن دھن کھاتے کو بند کرنے کی کوئی ایڈوائزری نہیں' وزارتِ خزانہ کے اس بیان کو پیش کرتے ہوئے آج کے اخباروں نے دلّی میں یمنا کی صفائی کے لیے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کے "ماسٹر پلان اسکیم" کی خبر اور حج 2026 کے لیے درخواستوں کا عمل 31 جولائی تک جاری رہنے کی خبر کو شائع کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

* سربیا میں جنگلات میں لگی آگ، گرمی کے باعث قومی ایمرجنسی نافذ۔
* چین کا 70 سے زیادہ ممالک کے لیے ویزا فری اینٹری کا اعلان۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1-	بھارت اور برازیل نے اگلے 5 سال میں اپنی باہمی تجارت دوگُنا کر کے 20 ارب ڈالر تک پہنچانے سے اتفاق کر لیا ہے۔

2-	برازیل نے، وزیر اعظم نریندر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز ”Grand Collar of the National Order of the Southern Cross“ سے سرفراز کیا ہے۔

3-	وزیر اعظم نریندر مودی آج وِنڈ ہاک میں نمیبیا کی صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

4-	دلّی-قومی راجدھانی خطّے میں، طے شدہ مدّت سے زیادہ پرانی موٹر گاڑیوں کے لیے ایندھن پر پابندی پہلی نومبر سے نافذ کی جائے گی۔

5-	دلّی کابینہ نے سرکاری اسکولوں میں، اسمارٹ کلاس روم کے لیے 900 کروڑ روپے سے زیادہ منظور کیے ہیں۔

6-	اور Madrid میں تیراندازی عالمی کپ کے چوتھے اور آخری مرحلے میں رشبھ یادو اور جیوتی سریکھا وینم نے کمپاؤنڈ مقابلوں میں اوّل مقام حاصل کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔